09-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	علم النحو+علم الصرف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	شہادۃ التجوید والقراءات (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ________________

نام طالبعلم: ____________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ "تسہیل النحو" اس فن کی کتاب ہے:

(الف) علم الصرف (ب) علم النحو (ج) علم البلاغۃ (د) علم الادب

2۔ تمیز کا لغوی معنیٰ ہے:

(الف) دور کرنا (ب) شمار کرنا (ج) جمع کرنا (د) خارج کرنا

3۔ "أَعْدَاد" جمع ہے:

(الف) عدد (ب) عد (ج) عدۃ (د) وعد

4۔ تمیز جمع مکسور ہوتی ہے:

(الف) واحد اور تثنیہ کی (ب) تین سے نو تک کی (ج) دہائیوں کی (د) سو اور ہزار کی

5۔ مجرور کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

6۔ زمانے کے اعتبار سے اسمائے الافعال کی اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

7۔ کلمات استفہام کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

8۔ کسی کی تعریف یا مذمت بیان کرنے کے لیے استعمال ہونے والے افعال کو کہتے ہیں:

(الف) افعال تصییر (ب) افعال تعجب (ج) افعال شک ویقین (د) افعال مدح وذم

9۔ اسم تفضیل کے استعمال کی صورتیں ہیں:

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

ورق الٹیے

10۔"قَدْ" حرف ہے:

(الف) حرف ردع (ب) حرف استفہام (ج) حرف استثناء (د) حرف توقع

11۔رباعی مزید فیہ کے کل ابواب ہیں:

(الف) ایک (ب) تین (ج) پانچ (د) سات

12۔"یُصِرُّ" صیغہ ہے:

(الف) واحد مذکر غائب (ب) واحد مذکر حاضر (ج) واحد مؤنث غائب (د) واحد مؤنث حاضر

13۔"منہاج الصرف" کے مصنف کا نام ہے:

(الف) پروفیسر محمد ظفر نواز (ب) علامہ محمد خان نوری (ج) علامہ محمد خان قادری (د) مفتی محمد عرفان قادری

14۔"الاجتناب" مصدر سے فعل امر آتا ہے:

(الف) اِجْتَنَبَ (ب) یَجْتَنِبُ (ج) اِجْتَنِبْ (د) لَاتَجْتَنِبْ

15۔جس میں حرف علت ہو اجوف کہتے ہیں:

(الف) فاء کلمہ میں (ب) عین کلمہ میں (ج) لام کلمہ میں (د) لام ثانی میں

16۔ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی کے کل ابواب کی تعداد ہے:

(الف) چودہ (ب) سولہ (ج) اٹھارہ (د) بیس

17۔واؤ اور یاء فتحہ کے بعد متحرک ہو تو بدل جاتی ہے:

(الف) یاء سے (ب) واؤ سے (ج) الف سے (د) نون سے

18۔تخفیف کا معنٰی ہے:

(الف) ہلکا کرنا (ب) بدلنا (ج) گرانا (د) ساکن کرنا

19۔معتل الفاء کا مصدر ہے:

(الف) صِلَةٌ (ب) نَصْرٌ (ج) فَتْحٌ (د) عَوَرًا

20۔مصدر میمی کہتے ہیں:

(الف) مفاعلہ کے میم کو (ب) مفاعلہ کے علاوہ میم کو (ج) اسم مفعول کے میم کو (د) اسم آلہ کے میم کو

09-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	علم النحو+علم الصرف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	شہادۃ التجوید والقراءات (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ حال اور ذوالحال کی تعریف تحریر کریں۔

2۔ مشار الیہ کے اعتبار سے اسم اشارہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

3۔ مستثنٰی کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔

4۔ اضافت لفظی کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

5۔ اسمائے عدد کتنی طرح کے ہوتے ہیں؟ تحریر کریں۔

6۔ مرکبات امتزاجیہ کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔

7۔ اسمائے مبنیہ کی حرکات کے اسماء تحریر کریں۔

8۔ "کَمْ" خبریہ کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

9۔ صفت کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔

10۔ جواب شرط پر "ف" کب اور کیوں آتی ہے؟ تحریر کریں۔

11۔ جملہ کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تحریر کریں۔

12۔ افعال مدح وذم کی تعریفات تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ ملحق کی تعریف لکھیں۔

2۔ "التَّقَابُلُ" مصدر سے فعل امر اور نہی کیا آتا ہے؟ تحریر کریں۔

3۔ "بَعْثَرَۃٌ" مصدر سے ماضی ومضارع معروف کا وزن تحریر کریں۔

4۔ نادر اور شاذ کی تعریف مع مثال لکھیں۔

5۔ "جَآءَ" کی تعلیل لکھیں۔

6۔ لفیف مقرون کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

7۔ ابدال کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

8۔ "قِیلَ" صیغہ کی وضاحت کریں۔

9۔ "فَتَحَ یَفْتَحُ" کی دو خاصیات تحریر کریں۔

10۔ "طَوٰی" اصل میں کیا تھا؟ مکمل تعلیل تحریر کریں۔

11۔ مہموز سے ثلاثی مجرد کے کتنے اور کون کونسے ابواب آتے ہیں؟ تحریر کریں۔

12۔ مضاعف کے کل کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں؟ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. منادی کا لغوی اور اصطلاحی معنٰی بیان کرتے ہوئے منادی کے احکام تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. تاکید کی تعریف مع مثال لکھتے ہوئے یہ بتائیں کہ تاکید کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تفصیلاً سپرد قلم کریں۔

iii. شرط اور جزاء کے احکام تفصیلاً تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. صحیح کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔ نیز لفیف کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں۔

i. درج ذیل صیغوں کی وضاحت مع تعلیل تحریر کریں۔ (صرف تین)

1-مَقُولٌ 2-مَبِیْعٌ 3-قَائِلٌ 4-قُلْ 5-اِقَالَۃٌ

ii. مضاعف کے قوانین میں سے کوئی دو قانون مع امثلہ لکھیں۔ نیز مضاعف اور معتل کے قوانین کے تعارض کے وقت کس کو ترجیح ہوگی؟